

- مسلم ممالک میں اسٹبلشمنٹ کا کردار
- پاک ۔ افغان، امن و امان کا مختصر تقابلی جائزہ
- وزیر اقتصاد تحریک طالبان پاکستان محترم بلال فاروقی صاحب کا انٹرویو
- حالات زندگی شانی بھائی رحمہ اللہ

UMAR MEDIA

طالبان

17
مجلہ تحریک طالبان پاکستان
ذی الحجہ ۱۴۴۴ ھ ق بمطابق جون ۲۰۲۳ ء



وفا کی تیغ سے گردن وفا شعاروں کی
کٹی ہے برسرِ میدان مگر جھکی تو نہیں

شانی بھائی رحمہ اللہ

فہرست

1 اداریہ

2 تذکرہ رفگان (حالات زندگی شانی بھائی رحمہ اللہ) ڈاکٹر احمد کشمیری

3 تذکرہ حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ تعالیٰ عنہ! سعد احمد

4 وزیر اقتصاد تحریک طالبان پاکستان، محترم بلال فاروقی صاحب کے ساتھ خصوصی انٹریو

5 پاک۔افغان، امن و امان کا مختصر تقابلی جائزہ مولانا خالد قریشی

6 مسلم ممالک میں اسٹبلیشمنٹ کا کردار نوید الحسن یوسفزئی

7 پاکستان اور خط کا توازن مولانا سلیم حقانی

8 امارت اسلامیہ افغانستان کے سرکردہ رہنماؤں کی سوانح حیات پر لکھی گئی پشتو کتاب "د سپین کاروان سرلاری" کا اردو ترجمہ "رہنمائے قافلۂ حق" قسط (2)

9 مظلوموں کی فریاد مفتی طارق محمود (رکن رہبری شوریٰ و اعلامی کمیشن تحریک طالبان پاکستان) کی قیدیوں کے حوالے سے لکھی گئی کتاب

10 اذنِ امام، اولو الامر، بغاوت اور شہید قسط (2) مولانا عبد الحکیم

11 طالبان آئیں گے! عبد اللہ مجاہد

12 جرنیلوں کی رسہ کشی بیچاری عوام کہاں جائے؟ ابو دجانہ

13 کاروانِ عبیدہ بن جراح رضی اللہ عنہ کے سپاہی، زمیلنہ، جنوبی وزیرستان کے واقعے کی داستان سیف اللہ خراسانی

14 مستقبل سے مایوس پاکستانی جوان ڈاکٹر انس

کارروائیوں کی ماہانہ رپورٹ (انفوگرافیک)

جون کے مہینے میں کی گئی کارروائیوں کی تفصیلی رپورٹ

بولتی تصویریں



اداریہ

ہم پہ روئیں ہماری ہی مائیں سدا
ہم نے تم کو اگر خوں رلایا نہیں

خیبر ہو یا بلوچستان، سندھ ہو یا پنجاب، ناپاک فوج کے بڑھتے ہوئے مظالم میں دن بدن اضافہ ہوتا جارہا ہے۔ ڈرون حملے، جعلی پولیس مقابلے، جبری گمشدگیاں، قتل ناحق، چھاپے اور چادر و چار دیواری کا تقدس پامال کرنا اور خواتین کی عزت لوٹنا اس ملک کے سیکیورٹی اداروں کا وطیرہ بن چکا ہے۔

قبائل کے غیور عوام کو ان کی اسلام پسندی اور غیرت مندی کی سزا دینے کے لیے ابھی حال ہی میں ڈرون حملوں کا سلسلہ دوبارہ شروع کر دیا گیا ہے۔ اس ملک پر قابض سیاسی اور فوجی ٹولے کی کرپشن کی وجہ سے جب بھی ملکی معیشت ڈوبنے لگتی ہے یا حکمرانوں کی عیاشیوں کی وجہ سے زرمبادلہ کے ذخائر کم ہونے لگتے ہیں تو انگریزوں کا غلام یہ فوجی اور سیاسی طبقہ ڈالرز کی سود میں ملوث امداد کے عوض مسلمانوں کے خون کا سودا کرتا ہے اور نام نہاد دہشت گردی کے نام پر معصوم مسلمانوں کا خون بہا کر اور ان پر ظالمانہ بمباریاں کر کے بیرونی دنیا کو یہ باور کرواتا ہے کہ پاکستان دہشت گردی کے خلاف ایک بڑی جنگ کی لپیٹ میں ہے۔ چنانچہ ڈوبتے کو تنکے کا سہارا کے طور پر وقتی طور پر چند ٹکے وصول کر لیتا ہے۔

گزشتہ دو دہائیوں سے پاکستان بیرونی امداد پر چل رہا ہے۔ حال ہی میں ہونے والے ڈرون حملوں میں قبائل کے معصوم پھول جیسے بچے ہی شہید ہوئے ہیں جو پاکستانی حکمرانوں کی نظر میں بہت بڑے دہشت گرد تھے۔ اس کے علاوہ علماء حق کے گرد گھیر اتنگ کرنا، انہیں حق گوئی سے باز رکھنا اور انہیں خاموش رہنے پر مجبور کر دینا اس ناپاک فوج کی پرانی حکمت عملی ہے۔ جو علماء حق گوئی سے باز نہ آئیں انہیں چوکوں چوراہوں پر بے دردی سے شہید کروا دینا، یا لاپتہ کر دینا ملکی ایجنسیوں کی پرانی پالیسی ہے۔

ابھی چند روز قبل عالم ربانی حضرت مولانا عبد العزیز غازی حفظہ اللہ کو قاتلانہ حملے میں شہید کرنے کی کوشش بھی اسی سلسلے کی ایک کڑی تھی۔ ان کی اہلیہ ام حسان صاحبہ نے پاکستان کے مجاہدین سے یہ مطالبہ کیا ہے کہ وہ اس حملے کا بھرپور جواب دیں اور ملکی سیکیورٹی اداروں کی اس مذموم حرکت پر انہیں سبق سکھائیں۔

الحمد للہ، پاکستان کے مجاہدین پوری طرح بیدار ہیں اور حالات پر گہری نگاہ رکھے ہوئے ہیں۔ بہت جلد اس ملک پر قابض ظالم فوج اور اس کے سیکیورٹی اداروں سے ایک ایک ظلم کا حساب لیا جائے گا۔ ان شاء اللہ۔



تذکرۂ رفتگان

حالات زندگی شانی بھائی رحمہ اللہ

از ڈاکٹر احمد کشمیری

ہزاروں سال نرگس اپنی بے نوری پہ روتی ہے
بڑی مشکل سے ہوتا ہے، چمن میں دیدہ ور پیدا

ضلع ڈیرہ اسماعیل خان کا اقبال، جو حکومتی کاغذات میں بالا اور مجاہدین میں ذیشان اور شانی بھائی کے نام سے شہرت رکھتے تھے۔ آپ رحمہ اللہ نے اپنے ہی علاقے میں میٹرک تک تعلیم حاصل کی اور قرآن مجید حفظ کرنے بیٹھے تھے کہ جہاد کے حقیقی جذبے سے سرشار ہوئے۔ راہ جہاد میں دیگر مشکلات کے ساتھ ساتھ گھر والوں کی سختیاں بھی برداشت کیں کہ کام کرو اور دیہاڑی مزدوری اور ڈرائیونگ کا کام کیا بھی، مگر آخر کار مجاہد ہی ثابت ہوئے۔

اولاً آپ قاری ظاہر رحمہ اللہ سکنہ مظفر آباد کے ساتھ منسلک ہوئے اور روافض کیخلاف برسرپیکار رہے۔ ان کا گروپ ضلع ڈی آئی خان میں ایسے اثر و رسوخ رکھتا تھا کہ ایس ایچ اوز کو سر کے بدلے ان کے مطالبات ماننے پڑتے تھے۔ اس سے قبل آپ جس مسئول (استاد علی رحمہ اللہ) کے ماتحت تھے، ان کا تعلق پہلے جیش سے تھا مگر بعد میں کچھ حقائق سامنے آنے پر وہ امجد فاروقی رحمہ اللہ کے ساتھ منسلک ہوگئے۔ استاد علی ۲۰۱۵ میں شہید ہوگئے اور اس سے قبل وہ وصیت کر کے شانی بھائی کو ان کی قائدانہ صلاحیتوں اور جہادی امور کو نزاکت سے دیکھنے کی وجہ سے اپنے گروپ کا اپنے بعد امیر بنا چکے تھے، ایسا ہی ہوا اور گلشن آباد رہا۔ ۲۰۲۰ء میں آپ تحریک طالبان پاکستان کے ساتھ ایک گروپ لیڈر کی حیثیت سے منسلک ہوئے۔

شانی بھائی رحمہ اللہ نے خیبر پختونخوا، پنجاب اور امارت اسلامیہ کی نصرت میں افغانستان کے مختلف محاذوں پر جہادی جوہر دکھائے۔ جب گروپ کا امیر ہونے کے بعد آپ کی شہرت ہوئی تو آپ پر صوبہ پکتیکا کے ضلع گومل کے سرحدی علاقے میں امریکی ڈرون حملہ بھی ہوا جس میں آپ زخمی ہوگئے۔

۲۰۱۷ء میں آپ کا نکاح دینی علوم کی طالبعلم ایک مجاہدہ سے ہوا جنہوں نے آپ کے ساتھ ملکر کئی ٹارگٹڈ حملوں کو کامیاب بنایا۔ اس مجاہدہ نے ایک طرف شانی بھائی کے ساتھ انتہائی مشکل وقت گزارا اور دوسری طرف کراچی سے آتے ہوئے راستے میں گرفتار ہوگئیں، انتہائی تشدد سہا اور بالآخر شانی بھائی کی خداداد جہادی صلاحیتوں کا کمال تھا کہ ایک ثالث کے ذریعے خود کو مشکل میں ڈال کر انہیں رہا کر وا کر وفادار خاوند ہونے کا ثبوت دیا۔ وہ بھی کوئی عام بیوی نہیں تھی بلکہ کسی بھی صورت میں اپنے خاوند کی ایک فدائی باڈی گارڈ تھی۔

شانی بھائی رحمہ اللہ کا ایک بھائی شہید ہوا، ایک لاپتہ رہا اور اس کے ساتھ ساتھ فوج نے آپ کے کئی رشتہ داروں اور دیگر جاننے والوں کو اس پاداش میں صعوبتوں میں ڈالے رکھا کہ تم لوگ شانی کو پناہ دیتے ہو۔

شانی بھائی رحمہ اللہ بہت اچھے اور بہترین جہادی صفات کے مالک تھے۔ وہ صحابہ کے سچے عاشق، ظالم کا صحیح طریقے سے ہاتھ روکنے والے، مظلوم پشتونوں اور بلوچوں کے غمخوار اور پاکستان میں نفاذ شریعت کے متمنی مجاہد تھے۔ بالآخر مئی ۲۰۲۳ء میں ڈیرہ اسماعیل خان میں ڈی ایس پی پر حملے کے دوران ایک اور ساتھی کے ساتھ شہادت کا عظیم رتبہ پایا۔

وفا کی تیغ سے گردن وفا شعاروں کی
کٹی ہے برسرِ میدان مگر جھکی نہیں

یہ چند سطور ان کی زندگی کا بہت ہی کم حصہ بیان کر سکے، مضمون کو طوالت سے بچانے کیلئے اختصار سے کام لیا گیا۔

تذکرۂ حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ تعالیٰ عنہ!

سعد احمد

حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ والہ وسلم کے آزاد کردہ غلام متبنیٰ "حضرت زید بن حارثہ" رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے فرزند تھے۔ ان کی ماں کی کنیت "ام ایمن" اور نام "برکہ" تھا اور حضرت اسامہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا لقب "محبوب رسول" ہے۔

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات کے وقت ان کی عمر بیس سال کے لگ بھگ تھی مگر حضور علیہ الصلوۃ والسلام نے ان کو اس لشکر کا سپہ سالار بنایا تھا جو رومیوں سے جنگ کے لئے جارہا تھا اور جس لشکر میں تمام بڑے بڑے صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم موجود تھے لیکن حضور علیہ الصلوۃ والسلام کی وفات کی وجہ سے یہ لشکر واپس آگیا مگر پھر امیر المؤمنین حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے دوبارہ اس لشکر کو بھیجا جو فتح یاب ہو کر آیا۔ چونکہ یہ "محبوب رسول" تھے اسی لئے امیر المؤمنین حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ ان کا بے حد اکرام و احترام فرماتے تھے۔ جب آپ نے اپنے دور خلافت میں مجاہدین کی تنخواہیں مقرر فرمائیں تو ان کی تنخواہ ساڑھے تین ہزار درہم مقرر فرمائی اور اپنے بیٹے حضرت عبد اللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی تنخواہ صرف تین ہزار درہم مقرر فرمائی۔ صاحبزادے نے عرض کیا کہ اے امیر المؤمنین! آپ نے حضرت اسامہ کی تنخواہ مجھ سے زیادہ کیوں مقرر فرمائی جبکہ وہ کسی جہاد میں بھی مجھ سے آگے نہیں رہے؟ اس کے جواب میں امیر المؤمنین نے فرمایا: اس لئے کہ اُسامہ کے باپ "زید" "تمہارے باپ" "عمر" سے زیادہ رسول خدا صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہ وسلم کے محبوب تھے اور "اسامہ" "تم سے زیادہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے محبوب ہیں۔

حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہ جب پیدا ہوئے تو اس وقت مسلمان مختلف شدائد و مصائب کا شکار تھے مگر آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو جب ان کی پیدائش کی اطلاع ملی تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم بہت خوش ہوئے۔ نتیجتاً تمام مسلمان ان کی پیدائش پر بہت خوش ہوئے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو اسامہ بن زید رضی اللہ عنہ سے بہت محبت تھی۔ اور اسامہ بن زید رضی اللہ عنہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی زیر تربیت جوان ہوئے۔ بچپن میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم اپنی ایک ران مبارک پر حضرت حسن رضی اللہ عنہ اور دوسری ران مبارک پر اسامہ بن زید رضی اللہ عنہ کو بٹھا لیتے تھے۔ اور دعا فرماتے تھے کہ...

یا اللہ! یہ دونوں بچے مجھے بہت محبوب ہیں تو انہیں اپنا محبوب بنالے۔

حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہ راہ خدا میں جہاد کا بہت شوق تھا۔ مگر کم عمری کی وجہ سے ان کو غزوۂ احد میں شرکت کی اجازت نہیں ملی۔ پھر غزوۂ حنین کے موقع پر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے دیکھا کہ اسامہ بن زید رضی اللہ عنہ اپنے پنجوں کے بل کھڑے ہو کر اپنے آپ کو بڑے قد کا دکھانا چاہ رہے ہیں تا کہ انہیں جہاد میں شرکت کی اجازت مل جائے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم بہت خوش ہوئے اور ان کو جہاد میں شرکت کی اجازت دے دی۔ اس وقت ان کی عمر صرف پندرہ سال تھی۔

حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہ میں اعلیٰ قسم کی جنگی مہارت اور قائدانہ صلاحیتیں پائی جاتی تھیں اسی لیے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے جنگ موتہ میں اپنے شہید ہونے والے ساتھیوں کا بدلہ لینے کے لیے رومیوں کے خلاف جو لشکر بھیجا اس کا سپہ سالار اسامہ بن زید رضی اللہ عنہ کو مقرر کیا جبکہ اس لشکر میں بڑے بزرگ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم بھی موجود تھے۔

آپ صلی اللہ علیہ وسلم وفور محبت میں آپؓ سے مذاق بھی فرمایا کرتے تھے۔ ایک بار مسکرا کر فرمایا کہ اگر یہ بیٹی ہوتی تو میں اس کو خوب زیور پہناتا اور بناؤ سنگھار کرتا۔ آنحضور ﷺ آپؓ کو تحائف بھی دیا کرتے تھے۔ ایک بار ایک مشرک نے ایک بیش قیمت حلّہ آنحضور ﷺ کی خدمت میں پیش کیا۔ آپؐ نے فرمایا کہ مَیں مشرک کا ہدیہ قبول نہیں کرتا، البتہ قیمتاً لے لوں گا۔ چنانچہ پچاس دینار میں خرید لیا۔ اُسے ایک مرتبہ پہنا اور پھر اسامہؓ کو دیدیا۔ اسی طرح ایک دفعہ دِحیہ کلبیؓ نے کتان کا کپڑا حضورؐ کی خدمت میں ہدیۃً پیش کیا جو آپؐ نے اسامہؓ کو دیدیا۔

حضرت اسامہؓ بہت شدت سے پابندی سنّت کا خیال رکھنے والے تھے۔ بہت سے کبار صحابہؓ بھی حضرت اسامہؓ سے دینی مسائل کے بارے میں پوچھا کرتے تھے۔ آپؓ نے ۱۲۸/روایات بیان کی ہیں۔ آپؓ کی وفات ۵۴ھ میں ہوئی۔



وزیر اقتصاد تحریک طالبان پاکستان، محترم بلال فاروقی صاحب کے ساتھ خصوصی انٹریو

سلسلہ انٹرویوز میں اس بار تحریک طالبان پاکستان کے وزیر برائے اقتصاد محترم کمانڈر بلال فاروقی صاحب کا انٹرویو شامل کیا گیا ہے۔

ٹیم مجلہ طالبان: محترم فاروقی صاحب! سب سے پہلے مجلہ طالبان کے قارئین کے سامنے اپنا مختصر تعارف کروائیں۔

بلال فاروقی: میرا نام بلال فاروقی ہے اور ضلع بنوں کا رہنے والا ہوں۔ فی الحال تحریک طالبان پاکستان کے رہبری شوریٰ کا رکن ہوں اور وزارت اقتصاد کا مسئول بھی ہوں۔ اس کے علاوہ گروپ لیڈر/دلگئی مشر بھی ہوں۔

ٹیم مجلہ طالبان: آپ کے شعبے کا طریقۂ کار اور نظم کیا ہے؟

بلال فاروقی: ہمارے کام کا طریقۂ کار یہ ہے کہ سب سے اوپر وزیر اقتصاد ہے، اس کے ماتحت ولایت/ڈویژن کی سطح پر رؤسا اور اس کے ماتحت تحصیل کی سطح کے مسئولین/مدیران ہوتے ہیں۔ کسی بھی مدیرِ تحصیل یا رئیس ولایت کے ہاتھ جب مال آتا ہے تو وہ رئیس ولایت لائحے کے مطابق مال وزیر کے حوالے کرتا ہے۔

ٹیم مجلہ طالبان: مالیات کا شعبہ اہم ہوا کرتا ہے، تحریک طالبان پاکستان کیلئے اس کی اہمیت کتنی ہے؟

بلال فاروقی: ہر نظام کیلئے بعض امور ایسے ہوتے ہیں جو وجوب کے درجے میں ہوتے ہیں، یعنی اس کے بغیر نظام باقی نہیں رہ سکتا۔ اس میں سے ایک مالیاتی سسٹم بھی ہے تو آپ کو معلوم ہے کہ تحریک طالبان پاکستان ایک وسیع نظام ہے، اس میں اقتصاد یا معیشت کی بنیادی اہمیت سے کیسے انکار کیا جاسکتا ہے؟۔

ٹیم مجلہ طالبان: آپ کے ذرائع آمدن کیا ہیں؟

بلال فاروقی: ہمارا ذریعۂ آمدنی ہمارے غیر تمند مسلمان بھائیوں کا تعاون ہے۔

ٹیم مجلہ طالبان: آپ کے بڑے اور اہم مصارف کیا ہیں؟

بلال فاروقی: چونکہ تحریک طالبان پاکستان ایک عسکری جماعت ہے تو زیادہ مال عسکریت میں ہی لگتا ہے۔ اس کے علاوہ قیادت تحریک کے مرکزی شعبوں، وزارتوں اور ولایات کو سہم دیتی ہے، یہ ہمارے اہم مصارف ہیں۔

ٹیم مجلہ طالبان: آپ بحیثیت وزیر اقتصاد کس کو جوابدہ ہیں؟

بلال فاروقی: میں تحریک طالبان پاکستان کے رہبری شوریٰ کو جوابدہ ہوں۔

ٹیم مجلہ طالبان: آپ کا کام ایسا ہے کہ ساتھیوں کو گلے شکوے ضرور ہوتے ہوں گے، انہیں کیا کہنا چاہیں گے؟

بلال فاروقی: جہاد صبر و استقامت، مصائب و مشکلات کا راستہ ہے تو مجاہدین کو صبر و استقامت کا مظاہرہ کرنا چاہئے۔

ٹیم مجلہ طالبان: ہماری معلومات کے مطابق ماتحت مجاہدین خود ہی چندہ وغیرہ کر کے اپنی مالی ضروریات پوری کرتے ہیں، کیا یہ آپ کا ہی فرض نہیں ہے؟

بلال فاروقی: چندہ کرنا ایک مسنون و مشروع اور معقول عمل ہے، ہمارے کئی گروپس/دلگئی اور مسئولینِ شعبہ جات اپنی مسئولیت کے مطابق چندے کرتے ہیں۔ اس کے علاوہ لائحے کے مطابق جتنی ذمہ داری ہماری بنتی ہے تو ہم ان کا سہم دیتے ہیں۔

ٹیم مجلہ طالبان: اگر مالی مشکلات ہوں تو اس کے حل کیلئے آپ کیا اقدامات کرتے ہیں؟

بلال فاروقی: کیا کرتے ہیں، بس کوششیں مزید بڑھاتے ہیں اور اللہ تعالی سے دعائیں کرتے ہیں۔ اکثر شعبوں کے مسئولین کو امر کرتے ہیں کہ وہ عبادات میں اضافہ کریں اور اللہ کے حضور دعائیں کریں تاکہ ہمارے مسائل حل ہوں۔

ٹیم مجلہ طالبان: اپنے ساتھیوں اور عام پاکستانیوں کیلئے آپ کا کیا پیغام ہے؟

بلال فاروقی: اپنے مجاہدین ساتھیوں کو تو یہ پیغام ہے کہ تحریک طالبان پاکستان کے لوائح کی پاسداری کرتے ہوئے اجتماعی فعالیت کریں کیونکہ جہاد اطاعت کا نام ہے۔

عام پاکستانی بھائیوں کو یہ پیغام دینا چاہتا ہوں کہ وہ مجاہدین کے ساتھ خصوصی طور پر مالی تعاون کریں، اور یہ آپ کا دینی و اخلاقی فریضہ بھی ہے۔



پاک - افغان، امن و امان کا مختصر تقابلی جائزہ

مولانا خالد قریشی

ایک طرف ہمارا عقیدوی و نظریاتی مسئلہ ہے کہ امن و امان صرف اور صرف دین اسلام کے نفاذ میں ہے۔ دوسری بات ہمارے حالیہ مشاہدات کی ہے اور تیسری بات موجودہ سیاست کے حوالے سے ہے۔ ان تینوں پہلوؤں پر پاکستان اور افغانستان کے تمام نہیں بلکہ صرف امن و امان کی صورتحال کا تقابلی جائزہ لیا جائے تو اس پر مفصل بحث ہو سکتی ہے مگر یہاں صرف قارئین کی توجہ دلانا مقصود ہے تو مختصر تبصرہ ہوگا۔ امید ہے کہ آپ سمجھ جائیں گے۔

ہم اپنے عقیدے اور نظریے کے حوالے سے بات کریں تو آج افغانستان ایک اسلامی ریاست ہے اور وہاں باصطلاحِ عام صرف ایک ہی حقیقی اسلامی پارٹی حاکم ہے۔ یہ حقیقت ہے کہ اب بھی مختلف صورتوں میں وہاں نفاذ اسلام کے حوالے سے کوششیں جاری ہیں جس کا پایہ تکمیل تک پہنچنا ابھی باقی ہے، جب ہم یہ مانیں گے تو یہ بھی ماننا پڑے گا کہ وہاں بچی کچی خامیاں اسی وجہ سے ہوں گی۔ اعداد و شمار دیکھیں تو وہ افغانستان جہاں روزانہ کی بنیاد پر دو سو سے تین سو تک جنگی اموات ہوتیں، ایک زون کے لوگ دوسرے زون نہیں جاتے تھے، شہر سے گاؤں کا سفر طے کرنا کسی کرامت سے کم نہ تھا اور ایک قوم کے لوگ دوسری قوم کی طرف آمد و رفت نہیں کرتے تھے۔ آج قندہار و زابل کے لوگ کنڑ و ننگرہار اور کنڑ کے لوگ بلخ و ہرات عید منانے جاتے ہیں۔ اموات کی شرح میں قابل توجہ کمی آئی ہے۔ چوری ڈکیتی جیسے واقعات میں اسی فیصد سے زیادہ کمی آئی ہے۔ امید ہے کہ جیسے جیسے نظام کامل ہوتا جائے گا یہ مسائل حل ہوتے رہیں گے۔ ان شاء اللہ۔

اب اسی نظر سے پاکستان کو دیکھ لیں، جو کہنے کو تو ایک اسلامی ملک ہے بلکہ ہونا بھی چاہئے تھا مگر افسوس صد افسوس کہ یہاں اسلام تو کیا، جمہوریت بھی نہیں بلکہ ظلم کا قانون چلتا ہے جو فوجی بدمعاشوں کا بنایا ہوا ہے۔ تو آپ نتائج بھی دیکھ لیں

۔ ملک ایک طرف تحریک طالبان پاکستان کے جائز فعالیت کی زد میں ہے اور روزانہ کی بنیاد پر مسلح و سیاسی جدوجہد کر رہی ہے۔ دوسری طرف قومی مسلح و غیر مسلح تنظیمیں ہیں اور اس سے بھی بڑھ کر اپنی ہی جمہوری پارٹیاں بھی اٹھ کھڑی ہو گئی ہیں اور فوج پر لعن طعن کر رہی ہیں۔ یہ تو ہوگا... جب آپ نہ ہی اسلام نافذ کریں گے، نہ قوموں کو حقوق دیں گے اور نہ ہی کسی کو جمہوری حق ملے گا۔ جیسے جیسے طاقتور طبقے سرخم ہوتے رہیں گے ویسے ویسے ان کے مسائل بھی حل ہوتے رہیں گے۔ ورنہ ایسا ہی چلے گا کہ ہر مہینے مسلح تنظیمیں ساٹھ ستر حملے کریں گی۔ احتجاج اور دھرنے ہوں گے اور حکمرانوں اور اسٹبلیشمنٹ کی مخالفت میں اضافہ ہوتا رہے گا۔ تو آپ سمجھ گئے ہوں گے کہ جہاں اسلامی نظام نہیں ہوگا وہاں مسائل پر مسائل جنم لیتے رہیں گے۔

مشاہدے کی بات کریں تو آپ قبائل و کے پی کے اور پاکستان کے دیگر علاقوں کا دورہ کریں۔ آپ کو بے چینی ہی بے چینی ملے گی۔ ٹی ٹی پی کا مسئلہ، معاشی مسائل اور ان جیسے دسیوں دیگر کئی مسائل کا سن سن کر آپ کے کان تھک جائیں گے۔ اور، ایک چکر افغانستان کا بھی لگا آئیں، وہاں آپ کو ایک مسئلہ سننے کو ملے گا جو کہ معاشی مسئلہ ہے، اس کے علاوہ چھوٹے موٹے مسائل ہی سن پائیں گے۔ میرے ایک دوست نے کراچی سے رابطہ کرتے ہوئے مجھے بتایا کہ یہاں ٹیکس، بھتہ خوری اور چوری ڈکیتی سے تاجر اتنے پریشان ہیں کہ افغان تاجروں کی باتیں سن کر کہتے ہیں کہ کاش یہاں بھی طالبان کی حکومت آجائے۔ وماذا لک علی اللہ بعزیز۔

تیسری اور آخری بات سیاسی عمل کی ہے۔ یقین کریں پاکستان میں سیاست کے نام سے لوگوں کو اتنی نفرت ہو چکی ہے کہ بس... یہ حقیقت ہے کہ سیاست بذات خود مثبت اور بہتر عمل ہے مگر جو سیاست پاکستان میں ہو رہی ہے

وہ دراصل ہے ہی قابل نفرت کیونکہ وہ سیاست ہے ہی نہیں بلکہ مفاد پرستی کی انتہا ہے۔ آپ نے پچھلے ماہ ایک خبر پڑھی ہو گی کہ افغانستان کے وزیر اعظم ملا حسن اخوند کی طبعیت ناساز ہونے پر امیر المؤمنین کے امر پر مولوی عبد الکبیر کو عبوری وزیر اعظم مقرر کیا گیا ہے جو ان کی طبعیت ٹھیک ہونے تک امور سنبھالیں گے۔ نہ کوئی چہ مہ گوئیاں، نہ احتجاج، نہ دھرنے، نہ انتخابات کے چونچلے اور اس پر ترجمان ذبیح اللہ مجاہد نے بیان دیا کہ ہمارے لیے ایک عام سی بات ہے کہ ایک امر پر گورنر، وزیر اور دیگر مسؤلین کو تبدیل کر دیا جائے۔ بالمقابل پاکستان کے حالات بھی دیکھ لیں کہ ایک وزیر اعظم کی ان کی اصطلاح میں قانونی گرفتاری پر کیا کچھ ہوا؟ اور کیا کوئی کسی گورنر یا وزیر کو ایک ہی خط بھیج کر ہٹا سکتا ہے؟ تماشہ ہو جائے گا تماشہ۔

انٹرنیشنل میڈیا کے مطابق پاکستان میں تحریک طالبان پاکستان کی کارروائیوں میں ستر فیصد سے زیادہ اضافہ دیکھنے کو ملا ہے۔ اسی طرح قومی مسلح تنظیمیں بھی پہلے سے زیادہ سرگرم ہیں اور سیاسی ہلچل نے بھی ہلاکت خیز رخ اختیار کر لیا ہے۔ تو جب آپ نہ قانون کو صحیح طریقے پر چلائیں گے، نہ قوموں کو حقوق دیں گے اور نہ صحیح سیاست کریں گے تو کوئی آپ شاباش تو نہیں دے گا بلکہ یہی کچھ اور اس سے زیادہ دیکھنے جو ملے گا جواب نظر آ رہا ہے۔

یہ بات نوٹ کے طور پر یاد رکھیں کہ تحریک طالبان پاکستان کی جدوجہد شرعی جدوجہد ہے اور رہے گی۔ ان شاء اللہ۔ اس پر درجنوں دلائل موجود ہیں۔ یہاں اس کو ایک مسئلہ کہنے کا مطلب یہ ہے کہ جب ملک کے بااختیار لوگ یہاں اسلامی نظام نہیں لا رہے تو ظاہری بات ہے کہ اسلام پسند اس کیلئے جدوجہد سے پیچھے نہیں ہٹیں گے اور اپنا مطالبہ منوانے کی پوری کوشش کریں گے۔ جیسا کہ اگر یہاں اسلامی نظام ہوتا تو تحریک طالبان پاکستان کے پاس لڑنے کا کیا جواز ہوتا؟۔

یہ چند سطور اتنے بڑے موضوع کیلئے شاید کافی نہ ہوں مگر اسلئے کافی ہوں گی کہ ہم اسلام کے دعویدار ہونے کے باوجود ایک غریب اسلامی ملک کے مقابلے میں کہاں کھڑے ہیں؟۔ اللہ رب العزت سے دعا ہے کہ اللہ پاکستان میں بھی اسلامی نظام نافذ کرے اور اس میں ہماری جان، مال اور کوششیں صرف ہوں۔ آمین۔

"اے ابراہیم! تو ہماری راہ میں اپنے اکلوتے بیٹے کو قربان کر دے"۔

ذرا تصور کیجیئے!

یہ سخت ترین آزمائش حضرت ابراہیمؑ کے لئے تھی، یہ بھی کوئی معمولی امتحان نہ تھا، سخت آزمائش کا مرحلہ تھا۔

لیکن قربان جایئے!

بڑھاپے اور پیرانہ سالی کی تمناؤں کا مرکز، راتوں اور دنوں کی دعاؤں کا ثمر، قلب و نظر کا چراغ، سیّدنا حضرت اسماعیل علیہ السلام پر جو حکم الٰہی کی تعمیل میں قربان ہونے کے لئے تیار ہیں۔

چوں کہ اس امتحان و آزمائش میں حضرت اسماعیل علیہ السلام بھی شریک تھے، حضرت اسماعیل علیہ السلام بھی اپنے والد کی طرح اطاعت الٰہی کے پابند تھے۔

فوراً ہی سر تسلیم خم کر دیا اور کہا:

اگر خدا کی یہی مرضی ہے تو آپ ان شاء اللہ مجھے صبر کرنے والوں میں سے پائیں گے۔

باپ بیٹے کی ایسی اطاعت و فرمانبرداری اور ایثار و قربانی...

یقیناً چشم فلک نے کبھی ایسا منظر نہیں دیکھا ہو گا۔


مجله تحریک طالبان پاکستان ذی الحجه 1444ھ ق
شماره 17

مسلم ممالک میں اسٹیبلشمنٹ کا کردار

نوید الحسن یوسفزئی

کسی ملک میں اسٹیبلشمنٹ کا کردار بہت اہم ہوتا ہے، ہر ملک کی فوجی اسٹیبلشمنٹ اس ملک کا حصار ہوتی ہے بشرطیکہ وہ کسی بیرونی دباؤ میں نہ ہو۔ ایماں فروش ضمیر فروش نہ ہو، عیش و عشرت کے شائق نہ ہو، اقتدار کی بھوکی نہ ہو، مگر بدقسمتی سے مسلم دنیا کے کئی ملکوں کی فوجی اسٹیبلشمنٹ ان ملکوں کا حصار نہیں بلکہ ان کا محاصرہ ہے۔ ان کا نظریاتی محاصرہ، ان کا سیاسی محاصرہ، ان کا تہذیبی محاصرہ، ان کا تاریخی محاصرہ، ان کا معاشی محاصرہ، ان کا سماجی محاصرہ اور ان کا نفسیاتی محاصرہ۔

کمال اتاترک ترکی کی جنگ آزادی کا ہیرو تھا۔ اسی لیے اسے "اتاترک" یعنی "ترکوں کا باپ" کہا جاتا ہے مگر وہ فوج کی طاقت کی بنیاد پر ترکوں کا خدا بن بیٹھا۔ اس نے قرآن کی تعلیم و تدریس پر پابندی لگادی، اس کے دباؤ پر عربی میں اذان متروک ہوگئی۔ اس نے مدارس کو تالے لگوادیئے۔ ڈاڑھی اور پردے پر پابندی لگادی۔ اس نے صوفیوں کی خانقاہیں بند کروادیں، ترکی زبان کا عربی رسم الخط ترک کرایا گیا اور اسے رومن میں لکھا جانے لگا۔ وہ دن ہے اور آج کا دن ہے ترکی "کمال ازم" کے اثر سے آزاد نہیں ہوسکا ہے۔ عدنان میندریس ترکی کے مقبول عوام سیاسی رہنما تھے مگر ان کا جھکاؤ مذہب کی طرف تھا اس لئے ترک فوج نے ان کے خلاف بغاوت کرکے ان کو پھانسی دے دی۔ نجم الدین اربکان ایک کلین شیو مسلم رہنما تھے مگر ان کا بھی تھوڑا بہت جھکاؤ اسلام کی طرف تھا اس لئے ترکی کی فوج نے ان کی حکومت کو ایک سال سے زیادہ نہ چلنے دیا۔ رجب طیب اردوان نجم الدین اربکان کے شاگرد تھے اگرچہ طیب اردوان نجم الدین اربکان کی طرح "انقلابی" نہیں تھے، انہوں نے ترکی کے سیکولر آئین کو تسلیم کیا ہوا تھا۔

انہیں ترکی میں جسم فروشی کے اڈوں، جوئے خانوں اور شراب خانوں پر اعتراض نہیں تھا۔ وہ اسرائیل کے ساتھ تعلقات کے بھی خلاف نہ تھے مگر پھر بھی نسبتاً اسلامی ہی سمجھے جاتے تھے۔ انہوں نے ایک سیاسی جلسے میں مسجد پر ایک خوبصورت نظم پڑھی تھی اور اس کی سزا بھگتی تھی۔ چناں چہ ترکی فوج نے ان کے خلاف بغاوت کردی۔ طیب اردوان اس وقت ملک سے باہر تھے، فوج کے لیے یہ ایک اچھا موقع تھا مگر طیب اردوان نے ہار نہ مانی۔ انہوں نے بیرون ملک سے قوم کو آواز دی، ہزاروں لوگ سڑکوں پر نکل آئے، وہ فوجی ٹینکوں کے آگے لیٹ گئے، انہوں نے گولیاں برساتے ہوئے گن شپ ہیلی کاپٹروں کی پروانہ کی۔ دوسری طرف ترکی فوج زیادہ تجربہ کار بھی نہیں تھی وہ سیاسی لوگوں یا اردوان کے حامی لوگوں سے "پریس کانفرنسز" کروانے میں ناکام رہی اور یوں طیب اردوان نے عوامی مزاحمت کے ذریعے فوجی بغاوت کو ناکام بنادیا۔ سی این این پر امریکی سی آئی اے کا ایک ریٹائرڈ افسر بیٹھا ہوا طیب اردوان کے خلاف زہر اگل رہا تھا کہ اردوان کے خلاف فوجی بغاوت بالکل ٹھیک ہے۔

مصر میں ناصر کا دور ہو یا سادات کا، حسنی مبارک کا زمانہ ہو یا جنرل سیسی کا، فوج نے کبھی اخوان المسلمون کو سر نہیں اٹھانے دیا۔ ناصر نے اخوان کو کچلنے میں کوئی کسر نہ چھوڑی۔ سادات نے بھی اخوان کو کبھی عوامی اُبھار کا مظاہرہ نہ کرنے دیا۔ حسنی مبارک بھی اخوان کی گردن پر پاؤں رکھے کھڑا رہا، مصر کی فوجی اسٹیبلشمنٹ نے سید قطب کو پھانسی دے کر ان کی فکر کو کچلنے کی سازش کی۔ سید قطب کا جرم یہ تھا کہ وہ قومی اور بین الاقوامی زندگی میں اسلام کو سربلند دیکھنا چاہتے تھے۔ صدر مرسی عوام کی بھرپور تائید سے مصر کے صدر منتخب ہوئے، مگر مصر کی سیکولر فوج نے امریکا کی مکمل پشت پناہی سے ان کے خلاف سازش کی اور اقتدار پر قبضہ کرلیا۔ اخوان نے ملک کے طول و عرض میں فوج کی مزاحمت کی تو فوج نے چند روز میں ساڑھے سات ہزار اخوانی مار ڈالے۔ دس ہزار سے زیادہ افراد زخمی ہوئے اور ۲۰ ہزار سے زیادہ لوگوں کو جیلوں میں ٹھونس دیا گیا۔ شہید ہونے والے اکثر اخوانیوں کو سر اور سینے میں گولیاں ماری گئی تھیں۔ اس سلسلے میں امریکا کی منافقت کا یہ عالم تھا کہ اس نے جنرل سیسی کے مارشل لاء کو مارشل لاء بھی قرار نہ دیا کیوں کہ اس صورت میں امریکا مصر کے خلاف اقتصادی پابندیاں عائد کرنے پر مجبور ہوجاتا۔

۱۹۹۰ء کی دہائی کے اوائل میں الجزائر میں عام انتخابات کا پہلا مرحلہ طے ہوا، انتخابات کے پہلے مرحلے میں الجزائر کے اسلامی فرنٹ نے دو تہائی اکثریت حاصل کرلی۔ امکان تھا کہ دوسرے مرحلے میں اسلامی فرنٹ مزید بھاری اکثریت حاصل کرے گا مگر الجزائر کی فوج نے اس کی نوبت ہی نہ آنے دی، اس نے اقتدار پر قبضہ کرلیا اور انتخابات ہمیشہ ہمیشہ کے لیے ملتوی ہوگئے۔ ملک

میں خانہ جنگی شروع ہو گئی جو دس سال میں دس لاکھ باشندوں کو نگل گئی ۔اس طرح الجزائر کی فوجی اسٹیبلشمنٹ نے الجزائر میں اسلام کی بالادستی کی راہ مسدود کر دی۔ انڈونیشیا کی سیاست پر بھی فوج کا پاکستان اسلام کے نام پر وجود میں آیا تھا اور قیام پاکستان کی جدوجہد میں کسی فوج کا کوئی کردار نہیں تھا۔ جنرل ایوب نے مارشل لاء تو ۱۹۵۸ء میں لگایا مگر وہ ۱۹۵۴ء سے امریکیوں کے ساتھ خفیہ روابط استوار کیے ہوئے تھے۔ بلاشبہ جرنیلوں نے سیاست دانوں کو ملک تباہ نہیں کرنے دیا کیونکہ وہ خود ملک کو تباہ و برباد کرنا چاہتے تھے تاکہ امریکہ سے ڈالرز بٹور سکے۔ پاکستان اسلام کے نام پر بنا تھا مگر جنرل ایوب نے ملک کو سیکولر بنانے کی خوفناک سازش کی۔ سود کو حلال قرار دلوایا۔ ملک پر ایسے عائلی قوانین مسلط کیے جو اسلام کے مخالف تھے۔ قوم کی سیاسی آزادی اور خود مختاری کو امریکا کے ہاتھوں فروخت کیا۔ امریکا کے معاہدوں، سیٹو اور سینٹو پر دستخط کیے۔ پاکستان کے دفاع کو امریکہ کے حوالے کیا۔ بڈھ بیر میں امریکا کو ایک فوجی اڈہ فراہم کیا۔ اس فوجی اڈے سے امریکا سوویت یونین کی جاسوسی کرتا تھا۔ ملک و قوم کو غیر ملکی قرضوں کے نشے کا عادی بنا دیا۔ جی ایچ کیو کو سیاست دان پیدا کرنے والی فیکٹری میں بدل ڈالا۔ مشرقی پاکستان کے لوگوں کے استحصال کی بنیاد رکھی۔ جنرل یحییٰ کے دور میں پاکستان دو ٹکڑے ہوا ۔جنرل نیازی نے اہل بنگال کی توہین کی انتہا کر دی۔ انہوں نے ۱۹۷۱ء کے بحران میں کہا کہ ہم بنگالی عورتوں کا اس بڑے پیمانے پر ریپ کریں گے کہ بنگالیوں کی نسل بدل کر رہ جائے گی۔ جنرل یحییٰ کے دور میں پاکستان کے ۹۰ ہزار سے زیادہ فوجیوں نے بھارت کے سامنے ہتھیار ڈالے۔ جنرل پرویز مشرف نے اسلام کے نام پر وجود میں آنے والے پاکستان کو لبرل بنانے کی سازش کی۔ ایک ٹیلی فون کال پر پورا پاکستان امریکا کے حوالے کر دیا۔

یہ راحیل شریف ہی تھا جو اسی فلم میں پردے کے پیچھے والے مہم کردار کا حصہ تھا اور فرعونیت کا حق ادا کر کے اپنا پیارا ملک چھوڑ کر حب الوطنی کا ثبوت دیا۔ یہ باجوہ ہی تھا جس نے امریکہ کے کہنے پر عمران خان کو ہٹایا۔ سیاست سے برأت کا اعلان کیا اور رجیم چینج کا اعتراف بھی کیا۔ وہ بھی یہ سب کچھ پیارے وطن پاکستان کی بقا کی خاطر کرتا رہا اور ریٹائر ہوتے ہی ملک چھوڑ کر چلا گیا جو کہ حب الوطنی کا ثبوت ہے۔

اب بھی حافظ صاحب جو کچھ کر رہا ہے کسی غنڈہ گردی سے کم نہیں لیکن پاکستانی قوم، صحافی حضرات اور نڈر سیاست دان بھی اتنے بے غیرت نہیں کہ خاموش بیٹھ کر تماشائی بنیں بس حافظ کی ملک چھوڑنے کی دیر ہے پھر دیکھنا یہ لوگ حافظ کی بھی ماں بہن ایک کر دیں گے، اس پر غداری اور ملک دشمنی کا فتویٰ لگا کر آنے والے منحوس چیف کو شیخ الحدیث کا لقب دیں گے۔

معزز قارئین! ملکی حالات پر نظر رکھے ہوئے کافی عرصہ گزر گیا اور انتہائی قریب سے مطالعہ کرنے کے بعد میں اس نتیجے پر پہنچا ہوں کہ ملکی اسٹبلشمنٹ کا مقابلہ کرنا یا ان کو ریاست کے ماتحت رکھنا ممکن نہیں ہے۔ کوئی بھی راستہ ڈھونڈو... ہائی کورٹ، سپریم کورٹ ہو یا جلسے جلوس اور دھرنے وغیرہ ہو سب کچھ ان کے سامنے بے بس ہی نہیں بلکہ بعد میں الٹا پچھتاوا، سیاست چھوڑنا، پارٹی چھوڑنا اور پریس کانفرنس بھی کرنا پڑتا ہے۔ اسٹبلشمنٹ سے نمٹنا صرف مسلح جدوجہد سے ہی ممکن ہے۔ وہ قانون پر پاؤں رکھ کر مسلمانی تو کیا انسانیت کو بھی پاؤں تلے روندتے ہوئے اپنی من مانی کرتے ہیں اور آپ ان کو کورٹس اور اصول کا کہتے ہیں۔

اس وقت اسی فرعونِ عصر سے نمٹنے کیلئے صرف ایک ہی قوت تحریک طالبان پاکستان بر سرِ پیکار ہے، ان کے ساتھ کھڑے ہو کر ان کی ہر قسم تعاون کر کے اس ناسور سے نجات حاصل کریں۔

وما علینا الا البلاغ۔

کیا ہم پر لازم نہیں کہ ہم متعد ہوں

کیا ہم پر لازم نہیں کہ ہم ہر وقت تیار رہیں

کیا ہم پر لازم نہیں کہ ہم "**وأعدّوا لهم ما استطعتم من قوة**" پر عمل کریں

کیا ہم پر لاز نہیں کہ ہم "**خذوا حذركم**" پر عمل پیرا ہوں



پاکستان اور خط کا توازن

مولانا سلیم حقانی

پاکستان کا کمیونزم کے خاتمے میں مرکزی اور کلیدی کردار تھا اور امریکہ نے پاکستان کو استعمال کیا اور تمام تر وسائل امریکہ نے پاکستان کو میسر کیے۔ لیکن جب اس سے فائدہ اٹھانے کا وقت آیا تو انڈیا پیش پیش ہے۔ جو کمیونسٹوں کا سب سے بڑا حلیف تھا۔ اس وقت بھی دنیا کی بڑی اور موئثر کمیونسٹ پارٹی انڈیا میں ہی ہے۔ ہمیں اب پیچھو مڑ کر یہ بھی دیکھنا چاہئے کہ کیا ۱۹۷۹ء میں امریکہ۔ روس کی اس جنگ میں کودنا پاکستان کے لئے موزوں تھا؟ اگر اس سے کچھ فائدے ہو سکتے تھے تو وہ کیوں نہیں اٹھائے جاسکے؟ اگر یہ موزوں نہیں تھا تو اب اس پالیسی پر نظر ثانی کرنے کی ضرورت ہے یا نہیں؟۔

بھارت تو امریکہ سے تعلق بڑھا رہا ہے لیکن پاکستان روس کے قریب نہیں آ سکتا ہے کیونکہ روس کے ٹکڑے ٹکڑے ہونے میں پاکستان کو روس کبھی بھی نہیں بھول سکتا ہے۔ امریکہ نے اپنے مفادات حاصل کر کے پاکستان کو تن تنہا چھوڑ دیا اور روس کو جب بھی موقع ملے تو وہ اپنے انتقام کی آگ میں پاکستان سے اپنا حساب لے کر رہے گا۔ دوسری طرف بھارت امریکہ کے قریب آ کر خطے پر غلبہ حاصل کرنا چاہتا ہے۔ جبکہ پاکستان روس اور چین کے ساتھ تعلقات بڑھا کر بھارت کے غلبے سے محفوظ رہ سکتا ہے لیکن یہ اس وقت ہو گا کہ پاکستان کھل کر اس کے بلاک میں شامل ہو جائے لیکن پاکستان امریکہ کی ڈر سے یہ بھی نہیں کر سکتا ہے۔

پاکستان اپنی غلط پالیسیوں کی وجہ سے دنیا کی نظروں میں بے اعتماد ہو گیا ہے اور انڈیا نے موقع سے فائدہ اٹھا کر پاکستان کو بہت پیچھو چھوڑ دیا ہے۔ یوں انڈیا نے اپنی ساکھ و حیثیت دنیا میں قائم کر دی ہے اور اب دنیا کی چوتھی اقتصادی طاقت ہے۔ انڈیا بیک وقت روس و امریکہ دونوں سے تعلقات استوار رکھ رہا ہے کیونکہ ان کے پاس ایک پالیسی ہے جبکہ پاکستان کے کرپٹ سیاست دان اور وطن عزیز پر قابض اسٹیبلشمنٹ کی غلط پالیسیوں نے پاکستان کو ایک بھکاری اور منافق کے طور پہ پیش کیا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ اب انڈیا کے دورہ امریکہ بھارت Strategic Partnership (حساس شراکت) سے پاکستان کے لئے یقینا بہت مشکلات اور پیچیدگیاں پیدا ہو رہی ہیں اور خطرات ابھر رہے ہیں۔

معاشرے میں اس وقت جو ابتری، انتشار اور افراتفری دکھائی دے رہی ہے وہ ایک سوچے سمجھے منصوبے کا نتیجہ ہے۔ امریکہ و بھارت کا ثقافتی غلبہ بھی ابھر رہا ہے۔ امریکہ بھارت حساس شراکت پاکستان کے استحکام کی صورت میں کامیاب ہو ہی نہیں سکتی، اس لئے اس پس منظر میں بھارت کی طرف امریکہ کی بڑھتی ہوئی دلچسپیاں پاکستان کے لئے پریشان کن اور فکر انگیز ہیں۔ وقت آ گیا ہے کہ ہم ایک ایسی اسلام پسندانہ پالیسی مرتب کریں جس سے پاکستان واقعی ایک اسلامی اسٹیٹ ابھر کر سامنے آئے اور یہ عین ممکن ہے۔

پڑوسی ملک امارت اسلامیہ افغانستان کو سامنے رکھیں کہ انہوں نے کیسی پالیسی اختیار کی کہ اب تک کسی ملک نے تسلیم بھی نہیں کیا ہے لیکن پھر بھی وہ ترقی کر رہا ہے، اس کی کرنسی پاکستان سے تین گنا مضبوط ہے۔ امریکہ بھارت کو Strategic Partners (حساس شراکت دار) کے طور پر جن شعبوں یعنی معیشت، صنعت، تجارت، تعلیم، صحت، سائبر، سیکیورٹی، فوجی استعداد اور ایٹمی صلاحیت میں مضبوط کر رہا ہے۔ ہمیں یہ تسلیم کرنا چاہئے کہ ہم ایک تو معیشت، تعلیم اور صحت 'میں ہم کمزور ہو رہے ہیں بلکہ زوال کی طرف جا رہے ہیں۔ امریکہ بھارت کو اقتصادی، علمی اور فوجی اعتبار سے بہت طاقتور کر رہا ہے

اطلاعات سامنے آرہی ہیں کہ انڈیا تقریباً تین ارب ڈالر میں امریکہ سے ۳۰ ایم کیو نائن بی پریڈیٹر مسلح ڈرون خرید نے جارہا ہے۔ جب خطے میں طاقت کا توازن بگڑے گا، تو ملک کمزور ہو گا، تو اس وقت خطے کا نقشہ کیا ہو گا؟۔

پاکستان پر کسی بھی عالمی طاقت کا اعتماد نہیں ہے کیونکہ ماضی کی صورتحال دنیا کے سامنے ہے۔ پہلے تجزیہ کیا جاتا تھا کہ امریکہ خطے میں بھارت کا غلبہ نہیں چاہتا اس لئے کہ وہ پاکستان سے تعاون کرتا ہے۔ اب امریکی انتظامیہ سے امریکہ کا یہ فلسفہ شروع ہوا ہے کہ وہ انڈیا کو ایک ابھرتی ہوئی عالمی طاقت سمجھتا ہے اور وہ اسے وہ تمام گُر سکھانا چاہتا ہے جو ایک ایسی قوت کو آنے چاہئیں، وہ اسے ہر شعبے میں مکمل طور پر طاقتور بنانا چاہتا ہے۔

۲۰۱۲ء میں انڈیا میں امریکہ کی سرمایہ کاری ۲۸ بلین ڈالر رہی ہے۔ ایک لاکھ سے زائد بھارتی طلبہ امریکہ کی مختلف یونیورسٹیوں میں اعلیٰ تعلیم حاصل کر رہے ہیں۔ جبکہ پاکستان بیورو آف امیگریشن کی دستاویز کے مطابق ۲۰۱۸ء میں قابل پیشہ ور افراد کی تعداد ۳ لاکھ ۸۲ ہزار تھی اور ۲۰۱۹ء میں ۶ لاکھ ۲۵ ہزار تھی اور ۲۰۲۱ء میں کرونا وباء کے باعث سفری پابندیوں کے نتیجہ میں کمی آئی تو ۲ لاکھ ۸۸ ہزار تعداد تھی لیکن پابندیوں میں نرمی اور خاتمے کے بعد ۲۰۲۲ء میں ۸ لاکھ ۳۲ ہزار سے زائد قابل پیشہ ور افراد بہتر مواقع کے تلاش میں بیرون ملک چلے گئے اور رواں سال ۲۰۲۳ء میں صرف مارچ تک ۱ لاکھ ۲۷ ہزار سے زائد قابل پیشہ ور افراد بہتر مواقع کے تلاش میں ملک چھوڑ گئے۔ ان میں اعلیٰ تعلیم یافتہ افراد جیسے ڈاکٹر، انجینئر، انفارمیشن ٹیکنالوجی کے ماہرین اور اکاؤنٹنٹ بھی شامل تھے۔

سوال یہ ہے کہ آخر ہم یہاں تک کیسے پہنچے؟ اس کی وجہ یہی ہے کہ ہماری پالیسیاں اسلامی قوانین کے خلاف ہیں اور ہم اپنے اختیار میں نہیں ہیں، کونکہ اگر ایک عالمی طاقت ہمیں روپیہ پیسہ دے، سبز باغ دکھائے تو ہم بغیر سوچ وفکر کے اس میں کود پڑتے ہیں اور اس انجام کی ناعاقبت اندیشیاں ہمارے سامنے نہیں ہوتی ہیں۔ بس چند جنرل ازم اس سارے وطن عزیز کو چلاتے ہیں اور ان کی تجوریاں اور جیب بھر جاتے ہیں باقی مملکت خداداد کی بقاو سالمیت کا کوئی غم وفکر نہیں، لہذا اب بھی وقت ہے کہ آئیے یہ وطن عزیز جس کلمہ کی خاطر معرض وجود میں آیا تھا اسے عملی جامہ پہنائیں اور اس وطن عزیز کی بقا، استحکام اور سالمیت کے لئے کمربستہ ہو جائیں اور یہ وطن عزیز اسلام کی بہاروں سے سرسبز وشاداب ہو کر عالمی دنیا کے لئے ایک نمونہ بن جائے اور یہ تبھی ممکن ہے کہ ہماری پالیسیاں اسلامی قوانین کے خلاف نہ ہوں اور اس مقصد عظیم کے حصول کے لئے تحریک طالبان پاکستان کا منشور اور لائحہ عمل اور قربانیاں آپ کے سامنے ہیں اور اس کا حقیقی وارث ہے بلکہ اس ظلم وجبر کی اندھیر نگری میں امید کی روشن کرن ہے۔


ایک افغان بھائی کا خواب!

مجلہ طالبان کی ٹیم کو ایک افغان بھائی نے پیغام ارسال کیا ہے جس میں وہ کہتے ہیں:

میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو خواب میں دیکھا، جس میں انہوں نے مجھے جہاد پاکستان کی ترغیب دی۔
پاکستان بھی فتح ہو گا اور مجاہدین اس کا مزہ ضرور چکھیں گے۔ ان شاء اللہ۔

میں آپ مجاہدین کیلئے دعا گو ہوں۔

مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ رِجَالٌ صَدَقُوْا مَا عَاهَدُوا اللّٰهَ عَلَيْهِ ج فَمِنْهُمْ مَّنْ قَضٰى نَحْبَه وَمِنْهُمْ مَّنْ يَّنْتَظِرُ



امارت اسلامیہ افغانستان کے سرکردہ رہنماؤں کی قسط (2)

سوانحِ حیات پر لکھی گئی پشتو کتاب دسپین کاروان سرلاري کا اردو ترجمہ "رہنمائے قافلہ حق"

مترجم: شیخ ابو محمد حماد
فاضل دار العلوم کراچی

جہاد و قتال:

امیر المؤمنین ملا محمد عمر مجاہد رحمہ اللہ ابھی اپنی زندگی کی تیسری دہائی میں داخل نہیں ہوئے تھے کہ فوجی بغاوت کے نتیجے میں افغانستان میں کمیونسٹ دورِ اقتدار شروع ہوا، یہ وہ وقت تھا کہ ملا محمد عمر مجاہد رحمہ اللہ جیسے بہت سے طلبہ کو علوم دینیہ کی تحصیل کو جاری رکھنا ناممکن دکھائی دیا، کیونکہ وطنِ عزیز کی سطح پر ملحد کمیونسٹوں کا پہلا مقابلہ علماء، طلباء، محصّلین اور راسخ مسلمانوں کے ساتھ تھا۔ اسی لئے امیر المؤمنین ملا محمد عمر مجاہد رحمہ اللہ نے ضروری سمجھا کہ اپنی دینی تعلیم کو ادھورا چھوڑے اور اپنی شرعی مسئولیت کو نبھانے کے لئے مدرسے سے محاذِ جنگ کا رخ کرے۔

موصوف نے اپنے جہادی سفر کا آغاز روزگان ولایت کی دہراوو لسوالی سے کیا، اور حرکت انقلابِ اسلامی نامی جہادی تنظیم میں شمولیت اختیار کی۔ مذکورہ ولسوالی میں تھوڑے ہی عرصے میں جہادی سرگرمیوں کے باعث موصوف روزگان ولایت کی سطح پر ایک بہادر جہادی شخصیت کے طور پر ابھرے، اور اس ولایت کے متعدد علاقوں میں کمیونسٹوں کے خلاف جاری جہاد میں بھرپور کردار ادا کیا، جس کے نتیجے میں ملا صاحب رحمہ اللہ کو مجاہدین کے درمیان مزید شہرت ملی۔ اور جب بھی کمیونسٹوں کے خلاف کسی تعارض (حملے) کا پروگرام بنتا تو مختلف گروپس کے مجاہدین کی طرف سے متفقہ کمانڈر موصوف (رحمہ اللہ) ہوتے۔ موصوف ہمیشہ بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرتے، انہی جہادی سرگرمیوں کے دوران موصوف پہلی بار زخمی بھی ہوئے۔ موصوف تین سال کے عرصے تک علاقے کے مجاہدین کے ساتھ مل کر دوبدو کمیونسٹوں کے خلاف برسرِپیکار رہے۔

امیر المؤمنین ملا محمد عمر مجاہد رحمہ اللہ کے گروپ کے ساتھی اور بڑے کہا کرتے کہ ملا محمد عمر اخوند اُس وقت (جہاد کی ابتداء میں) اگرچہ نوعمر تھے مگر ہر قسم کی مسئولیت کی ادائیگی کی صلاحیت اور استعداد رکھتے تھے، اور ایک صحتمند نوجوان تھے۔

بعد میں (۱۳۶۲ھ ش بمطابق ۱۹۸۳ء) انہوں نے اپنے ساتھیوں کے ساتھ جہادی سرگرمیوں کے نظم و نسق کی غرض سے کندہار ولایت کی میوند ولسوالی تشریف لے گئے اور وہاں تنظیم حرکت انقلاب اسلامی کے مشہور جہادی کمانڈر رفیض اللہ اخوند زادہ صاحب کے جبہہ میں روسی قابضین اور ان کی کاسہ لیس کمیونسٹ حکومت کے خلاف جہاد و قتال کو دوام بخشا۔

چونکہ موصوف نے کندہار ولایت کی مختلف ولایات میں بیشمار جہادی عملیات (فعالیت) میں اچھی کارکردگی کا مظاہرہ کرنے اور عسکری تکنیک میں اچھی شہرت پانے کے باعث علاقائی جہادی کمانڈروں کی سطح پر وقت کی جہادی تنظیموں کے قائدین کے یہاں بہت مقبول ہوئے اور مولوی محمد نبی محمدی کی سربراہی میں تنظیم حرکتِ انقلاب اسلامی کے ایک مستقل جہادی جبہے کی مسئولیت موصوف مذکور کے حوالہ ہوئی۔

۱۳۶۲ھ ش سے ۱۳۷۰ھ ش (بمطابق: ۱۹۸۳ء تا ۱۹۹۱ء) تک ملا محمد عمر مجاہد رحمہ اللہ کندہار ولایت کی مختلف ولسوالیوں (میوند، ژڑئ، پنجوایی اور ڈنڈ ولسوالیوں) سے مربوط علاقوں کو سویت یونین کی افواج کے خلاف جہادی مراکز کے طور پر استعمال کرتے تھے، اور تقریباً ہر روز مجاہدین کو دشمن کے خلاف مصروفِ جنگ رکھتے، صرف یہی نہیں بلکہ زابل ولایت کے شہرِ صفا اور ولایت مرکز سے مربوط علاقوں میں خصوصاً کابل و کندہار کو ملانے والی سڑک (شارع عام) پر روسی حملہ آور افواج کے خلاف جو بڑی کامیاب کارروائیاں ہوتیں ان میں موصوف (رحمہ اللہ) براہِ راست حصہ لیتے۔ روسی ٹینکوں کے خلاف استعمال ہونے والے مؤثر ہتھیار آر۔ پی۔ جی۔ سیون (R.P.G7) کے استعمال میں ملا محمد عمر مجاہد رحمہ اللہ خصوصی مہارت رکھتے تھے، اسی R.P.G7 کے بجا استعمال کی وجہ سے کندہار ولایت کی سطح پر میوند، ژڑئ اور پنجوایی ولسوالیوں (جو کہ کمیونزم کے خلاف جاری جہاد میں روسیوں کی شکست کے بنیادی نقطے سمجھے جاتے تھے) میں اور کندہار و ہرات کے شارعِ عام پر کمیونسٹوں کے ٹینک اور دیگر گاڑیاں مجاہدین کے ہاتھوں اتنی زیادہ تباہ ہوئیں کہ دشمن نے ان سے سڑک کے دونوں اطراف میں دیواریں بنا رکھی تھیں، جنہیں وہ مجاہدین کے حملوں سے بچاؤ کے لئے بطورِ مورچے استعمال کرتے تھے۔

ملا محمد عمر مجاہد رحمہ اللہ روسیوں کے خلاف دوبدو لڑائیوں میں چار دفعہ زخمی ہوئے، اور آخری دفعہ زخمی ہونے میں انہوں نے اپنی داہنی آنکھ کی قربانی

پیش کی۔

سویت یونین اور ملکی کمیونسٹوں کے خلاف جاری جہاد میں ملا محمد عمر مجاہد رحمہ اللہ گندہار اور قرب وجوار کی ولایات کی سطح پر جانی پہچانی شخصیت کے طور پر مجاہدین کے درمیان ایک فعّال مجاہد کے طور پر مشہور ہوئے، انہوں نے بہت سی جہادی کارروائیوں میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیا، یہاں ہم ان کے ساتھ شریکِ جہاد ساتھیوں کی زبانی کچھ یادگار واقعات کا ذکر کرتے ہیں:

۱۔ گندہار ولایت میں دشمن کا ایک مضبوط چیک پوسٹ تھا، جسے "بدوانو پوستہ" (بدوانو کا چیک پوسٹ) کہا جاتا تھا، اس مضبوط اور اہم چیک پوسٹ کے پاس دشمن نے ایک ٹینک نصب کر رکھا تھا، جس کی گولہ باری سے مجاہدین سخت تکلیف میں مبتلا تھے، بہت سے مجاہدین نے اسے کئی بار نشانہ ہدف بنایا، اس پر کئی حملے کئے، مگر ہر بار ناکامی کا سامنا کرنا پڑا، بالآخر مقامی مجاہدین نے اپنی مدد کے لئے سنگِ حصار سے ملا محمد عمر مجاہد رحمہ اللہ کو بلایا، چنانچہ ملا صاحب رحمہ اللہ نے R.P.G7 کے ذریعے اس بدنامِ زمانہ ٹینک کے پرخچے اڑادئے۔ اور یوں مجاہدین کو ایک بہت بڑی کامیابی ہاتھ آئی۔

۲۔ روسیوں کے خلاف جہاد کے دوران گندہار کے محلہ جات کے علاقے میں دوبدو لڑائی میں ملا عبید اللہ اخوند رحمہ اللہ (جو کہ بہت بڑے مجاہد تھے اور امارتِ اسلامی افغانستان کے وزیر دفاع بھی رہ چکے ہیں اور امریکی حملے کے بعد امیر المؤمنین ملا محمد عمر مجاہد رحمہ اللہ کے نائب کے طور پر بھی اپنی ذمہ داری نبھائی تھی) ملا محمد عمر مجاہد رحمہ اللہ کے ساتھ تھے، انہوں نے دشمن کے اتنے ٹینک اور گاڑیاں جلائیں کہ دور سے دیکھنے والے لوگ یہ خیال کرتے شاید دشمن کا کاروان اب بھی سڑک پر ٹھہرا ہوا ہے، حالانکہ دشمن کی اکثر گاڑیاں جلادی گئی تھیں، اور باقی ماندہ گاڑیاں اپنے مراکز کو واپس جاچکی تھیں۔

۳۔ روس کے خلاف جہاد کے دوران گندہار وہرات کے شارعِ عام پر واقع ژڑئ ولسوالی کے سنگِ حصار علاقے میں روسی ٹینک گزر رہے تھے، ملا محمد عمر مجاہد رحمہ اللہ کے پاس راکٹ کے چار گولے تھے، ان کے ساتھ اس جنگ میں ملا عبد الغنی برادر صاحب (جو بعد میں اسلامی امارت کے نائب بھی رہے تھے) تھے۔ انہی چار گولوں کے ذریعے روسی قافلے پر حملہ کرنا تھا، چنانچہ اللہ تعالیٰ کے فضل سے ان کے چاروں گولے ٹھیک نشانے پر لگے اور یوں چار ٹینک تباہ ہوئے۔

۴۔ ملا برادر اخوند (جو ملا محمد عمر مجاہد رحمہ اللہ کے ساتھ جہادی دورے میں قریب ساتھی رہے ہیں) کہتے ہیں کہ ملا صاحب رحمہ اللہ نے اتنے زیادہ روسی ٹینکوں کو تخریب کیا ہے کہ انہیں شمار نہیں کیا جاسکتا۔

۱۳۷۱ھ ش بمطابق ۱۹۹۲ء کو ڈاکٹر نجیب کی کمیونسٹ حکومت کے سقوط اور ملک میں تنظیمی جگڑوں کے شروع ہوتے ہی ملا محمد عمر مجاہد رحمہ اللہ نے دیگر حقیقی مجاہدین کی طرح اسلحہ رکھ دیا اور اپنے جہادی علاقے گندہار ولایت کی میوند ولسوالی کے علاقے سنگ حصار کے گاؤں "کیشانڑو" میں حاجی ابراہیم کی مسجد کے پاس ایک دینی مدرسے کی بنیاد رکھی، اور وہیں سکونت اختیار کی۔ ۱۴ سالہ جہادی دورہ گزارنے کے بعد اپنے چند دیگر ساتھیوں سمیت اپنی باقی ماندہ شرعی تعلیم کی تکمیل میں لگ گئے۔

یہ وہ وقت تھا کہ دارالحکومت کابل کے بشمول پورے وطنِ عزیز کو بے مقصد تنظیمی جگڑوں نے گھیر رکھا تھا، تنظیمی جگڑوں میں پڑے کمانڈران کے ذاتی اغراض وہوس کے حصول نے خالص مقدس جہاد کے آرزو کو ناتمام چھوڑا، اور افغانستان کے ڈیڑھ ملین شہداء کے مقدس خون کو پاؤں تلے روندا۔

قدم بہ قدم چیک پوسٹوں کے نام پر ہر روز وطنِ عزیز کے مظلوم عوام، مسافر، عورتیں اور سفید ریش بزرگ بد اخلاق اسلحہ برداروں () کے ہاتھوں لوٹتے رہے، مصیبت واذیت کا انہیں سامنا کرنا پڑا، اور آئے دن کثیر تعداد لوگوں کو ان بد اخلاقوں کے ہاتھوں اپنی جان گنوانی پڑتی تھی۔ حقیقت سے آنکھیں چرانے کی بجائے حقیقت پر سے پردہ ہٹاتے ہوئے ہمیں کہنا پڑتا ہے کہ گندہار میں اتنے زیادہ پاٹک (چیک پوسٹ) تھے کہ ملک کے تاجر حضرات ہرات سے گندہار کی سپین بولدک ولسوالی میں واقع ملکی وبین الاقوامی منڈی ویش بارڈر اپنے تجارتی سامان شارعِ عام کے ذریعے پہنچانے کی بجائے میوند ولسوالی میں اتار

دیتے، اور شارعِ عام پر واقع چیک پوسٹوں کی لُوٹ کسوٹ سے بچنے کے لئے ریگستان کے دشت وبیابان کا تکلیف دِہ راستہ اختیار کر کے انتہائی مشکلات سے گزرنے کے بعد اپنے تجارتی سامان کو ویش پہنچانے میں انہیں کامیابی نصیب ہوتی۔

ملا محمد عمر مجاہد رحمہ اللہ اور ان کے مجاہد ساتھیوں کو گندہار شہر کی وہ وضعیت خوب معلوم تھی کہ جس کے کوچے کوچے کو ٹوپکیانوں (لٹیروں) نے آپس میں بانٹ رکھا تھا، اور انہوں نے قومی بیت المال کی املاک پر غاصبانہ قبضہ جمارکھا تھا، اور قومی املاک کو نقد پیسوں سے بیچنا ان کا روز کا مشغلہ بن گیا تھا، حکومتی زمینوں پر قبضہ کر کے ان پر مارکیٹ بنا کر بیچتے۔ مزید بر آں یہ کہ وہ ہمیشہ باہمی جگڑوں کو ہوا دیتے، جس کی وجہ سے مظلوم عوام ہمیشہ تکلیف اور پریشانی میں رہتے۔

انہی بے سروپا واقعات نے مجاہدین کو مجبور کیا کہ فساد کو ختم کرنے اور مسلمانوں کی جان ومال کی حفاظت کی خاطر اپنی مقدور بھر کوشش کریں، چنانچہ مجاہدین نے باہمی صلاح ومشورے شروع کئے، ملا محمد عمر مجاہد رحمہ اللہ اور ان کے ساتھیوں نے اپنی پہلی مجلس پنجوایی ولسوالی کے علاقے "زنگاوات" میں علاقے کے مشہور ومعروف علماء کے ساتھ کی۔ روس کے خلاف جہاد کے دوران


گندہار کے مجاہدین کے عمومی قاضی مولوی سید محمد صاحب (جو مولوی پاسنی صاحب کے نام سے شہرت رکھتے تھے) کی سربراہی میں ملا محمد عمر مجاہد رحمہ اللہ نے علماء کرام کی اس مجلس کو بتایا کہ آپ کو چاہئے کہ فساد کے مقابلے میں اٹھ کھڑے ہوں، ہم آپ کے پُشتبان رہیں گے۔ چنانچہ اسی مجلس سے ملا محمد عمر مجاہد رحمہ اللہ نے اسلامی تحریک کی بنیاد رکھی، اور ۱۴۱۵ھ ق کو محرم الحرام کی ۱۵ویں تاریخ سے فساد اور انارکی کے خلاف جدوجہد شروع کی۔

جب ملا محمد عمر مجاہد رحمہ اللہ کی سربراہی میں اسلامی تحریک نے فساد کو ختم کرنے کے لئے مقابلہ شروع کیا تو افغان عوام نے بڑے پیمانے پر حقیقی مجاہدین کا خیر مقدم کیا، سب سے پہلے انہوں نے گندہار ولایت اور اس کے بعد افغانستان کے بہت سے علاقے فساد برپا کئے ہوئے اسلحہ برداروں (ٹوپکیانوں) سے خالی کروالئے۔ اس وقت کہ جب ملک کے بہت سے علاقے طالبان کے کنٹرول کے تحت آچکے تھے ۱۴۱۶ھ ق سال کے ذوالقعدہ کے پندرویں تاریخ کو افغانستان کے علماء (جن کی تعداد ۱۵۰۰ سے زائد تھی) نے ایک اجتماع میں ملا محمد عمر مجاہد رحمہ اللہ کی امارت کی تائید کی، اور انہیں "امیر المؤمنین" کے لقب سے نوازا۔ ۱۳۷۵ھ ش سال کے ماہِ میزان کی چھٹی تاریخ کو دار الحکومت کابل بھی اسلامی امارت کے زیرِ تسلط آیا، جس کے بعد تھوڑی مدت میں شمالی علاقہ جات کے بشمول وطنِ عزیز کی ۹۵فیصد سرزمین پر طالبان کی حکومت قائم ہوئی۔

ملا محمد عمر مجاہد رحمہ اللہ کی سربراہی میں اسلامی امارت افغانستان نے ملک میں شریعت کی اساس پر قائم اسلامی نظام کو عملی جامہ پہنایا، اور یوں طویل مدت کی تعطیل کے بعد ایک بار پھر طالبان نے اسلامی نظام کی زندہ مثال دنیا کے سامنے پیش کی، اور ملک کو تقسیم، انتشار اور بند ربانٹ سے محفوظ بنایا۔ اور اُن لوگوں سے بیت المال کا اسلحہ ضبط کیا جنہیں اپنی مسئولیت کا احساس نہ تھا، چنانچہ طالبان نے ایسے بے مثال امن کو قائم کیا جس سے پوری دنیا عاجز تھی، لیکن عالمی کفری مستکبرین سے یہ شریعت وامارت برداشت نہ ہوئی، اس لئے انہوں نے اس کے خلاف دشمنی کا موقف اختیار کیا، اور بیجا بہانوں کی تلاش میں لگ گئے، اور بالآخر کفار نے ملکر اس کے خلاف عسکری وفوجی حملہ کیا۔ (اسلامی امارت کو بھی عوامی نقصانات کی خاطر سوچے سمجھے منصوبے کے تحت عارضی پسپائی اختیار کرنا پڑی۔ از مترجم)

قُلْ اِنَّ صَلَاتِیْ وَ نُسُکِیْ وَ مَحْیَايَ وَ مَمَاتِيْ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ(سورۃ الانعام: ١٦٢)

ترجمہ: کہو، بیشک میری نماز (بدنی عبادات) اور میری قربانیاں (مالی عبادات) اور میرا جینا اور میرا مرنا سب اللہ کے لیے ہے جو سارے جہانوں کا رب ہے۔



مفتی طارق محسود (رکن رہبری شوری و اعلامی کمیشن تحریک طالبان پاکستان) کی قیدیوں کے حوالے سے لکھی گئی کتاب

مظلوموں کی فریاد قسط (1)

تقریظ

امیر تحریک طالبان پاکستان ابوعاصم منصور مفتی نور ولی محسود حفظہ اللہ

جب سے اس دھرتی پر مسلمان متحرک تھے، دشمنانِ اسلام کے گلے پر تلوار اور خنجر تھامے ہوئے تھے، دن رات حفاظتِ دین کی خاطر کمربستہ رہا کرتے تھے، اس وقت تک مسلمان حاکم اور دشمنانِ اسلام محکوم، مسلمان صاحبِ زندان اور کافر اسیرانِ مسلمان رہا کرتے تھے، دنیا پر مسلمانوں کا راج ہوا کرتا تھا، اسلام اور مسلمانوں کی طرف میلی آنکھ سے دیکھنے کا کوئی تصور تک نہیں کر سکتا تھا۔
